Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

28 اپریل، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

COVID-19 کے اس بے مثال وقت نے نیویارک شہر کے تمام مکینوں کے لیے مشکلات اور مشقتیں پیش کی ہیں، اور ہم جانتے ہیں کہ اس بحران کے دوران اپنے بچوں کی انکی جاری تعلیم میں مدد کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ ہم اس استقامت اور پُرعزمی سے متحیر ہیں جس کا آپ سب نے— ہمارے 1.1 ملین طلبا کے خاندانوں نے مظاہرہ کیا ہے—جب ہم نے اپنے تمام نظام کو ریموٹ لرننگ میں تبدیل کیا تھا۔ ہم اس سب کے لیے شکرگزار ہیں جو آپ اپنے بچے کی کامیابی کی معاونت کرنے کے لیے کررہے ہیں جب کہ ہم تعلیمی سال 2019-2020 کو ریموٹ لرننگ میں اختتام کو پہنچا رہے ہیں۔

یہ منتقلی کسی وقت بھی مسابقت طلب ہوسکتی ہے، لیکن وبا کی وجہ سے ہماری بہت سی برادریاں جس اضطرار اور پریشانی کا شکار ہیں، یہ ناقابلِ تسخیر ہوسکتا تھا۔ پھر بھی، آپ نے ایسا کردکھایا، اپنے بچوں کے لیے ان کی تعلیم میں ہر طرح سے مدد کرنے کے لیے موجود ہوکر، اس کے باوجود کہ ہوسکتا ہے یہ نہ معلوم ہو کہ اگلے وقت کا کھانا کہاں سے آئے گا، یا بیماری یا اپنے خاندان یا برادری میں کسی کے گزر جانے کا کا مقابلہ کررہے ہوں، یا اور کسی نوعیت کے عدم تحفظ کا جو یہ وقت اپنے ساتھ لایا ہے۔

اسی لیے ہم اس وقت کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنی پالیسیاں مسلسل تبدیل کررہے ہیں، تیار کررہے ہیں اور بعض صورتوں میں انہیں آپ کی اعانت میں مکمل طور پر دوبارہ ایجاد کررہے ہیں۔ یہ پالیسیاں حاضری سے کلاس شیڈول کرنے سے ٹیکنالوجی کے استعمال اور اس بھی آگے تک کا ایک سلسلہ ہیں۔ آج، ہم ایک اور اہم پالیسی کی تجدید کے بارے میں لکھ رہے ہیں، طلبا کو گریڈ دینے کے بارے میں۔

گریڈز ایک طالب علم کی تعلیمی معیارات کی تکمیل کی جانب پیش رفت کو سمجھنے میں اہم ہیں، لیکن یہ صرف ایک طریقہ ہے جس سے ہمارے معلمین ایک طالب علم کی اسکول کے کام میں مصروف عملی اور پیش رفت کرنے کی پیمائش اور امتیاز کررہے ہیں۔ ہمیں یہ یقینی بنانا لازمی ہے کہ ہمارے طلبا کی اعانت میں نہ صرف تعلیمات شامل ہوں، بلکہ سماجی - جذباتی تدریس، صحت اور تحفظ، جسمانی اور ذہنی بہبود بھی، اور ایسے تعلقات قائم کرنا ہے جو ہمارے طلبا اور خاندانوں کی تائید کریں اور بااختیار بنائیں۔ ہم اپنے معلمین کو وہ وسائل اور صلاحیتیں فراہم کررہے ہیں جو انہیں ہمارے طلبا کو سماجی اور جذباتی طور پر سمجھنے اور مدد کرنے کے لیے درکار ہیں۔ ہم طلبا اور خاندانوں کے لیے وسائل تشکیل دینا جاری رکھیں گے جو COVID-19 کے تناظر میں ان اعانتوں کو بڑھائیں گی۔ اسکولی قائدین کے ذریعے پالیسی کا نفاذ ان طلبا کو ملحوظِ خاطر رکھے گا جنہیں جذباتی غم، موت، ذہنی صحت کے مسائل کا سامنا ہوا ہے، یا جنہیں فوری طور پر ایک ڈیوائس یا ربط سازی (connectivity) تک رسائی نہیں تھی۔ ہم جانتے ہیں کہ جیسے آپ تعلیم میں ہمارے شراکت دار ہیں، ہم آپ کے بچوں کی جذباتی اعانت کے شراکت دار ہیں جس کی انہیں اس وقت کے دوران ضرورت ہوسکتی ہے۔

ہم نے طلبا، والدین، اساتذہ، اسکولی قائدین اور تمام شہر سے دیگر افراد کی جانب سے ہماری ترمیم کردہ گریڈ دینے کی پالیسی کو بہتر کرنے کے متعلق سنا ہے۔ ہم آپ کو دیکھتے ہیں، ہم آپ کو سنتے ہیں، اور ہم سمجھتے ہیں کہ حتمی پالیسی جو ہم جاری کررہے ہیں وہ طلبا کے لیے ان بے نظیر وقتوں میں لچکداری اور تحمل پر زور دیتی ہے، ساتھ ہی طلبا کو ان پر گزرنے والے صدمے سے بغیر کسی نقصان کے مصروفِ عمل رکھتی ہے۔ یہ واضح توقعات قائم کرتی ہے جو ہر انفرادی طالب علم کے تجربے کو تسلیم کرتی ہے، اور تمام اسکولوں میں ایک یکساں اور منصفانہ نظام تشکیل دیتی ہے۔ پالیسی کا مقصد خاندانوں اور طلبا پر دباو کو کم کرنا ہے، اور ساتھ ہی اگلے سال کے اساتذہ کے لیے ایک انفرادی طالب علم کی معیارات کو حاصل کرنے کی جانب پیش رفت کے بارے میں وہ معلومات فراہم کرنا ہے جن کی انہیں ضرورت ہے۔

## آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

ذیل میں خاکہ کش کردہ گریڈ دینے کی پالیسی صرف بقایا تعلیمی سال 2019-20 کے لیے موثر ہے۔ اساتذہ طلبا کے حتمی گریڈز انکی ہمارے ریموٹ لرننگ شروع کرنے سے پہلے اور بعد کے ایک مکمل جائزے کی بنیاد پر دیں گے۔ حاضری طلبا کے گریڈز میں ایک عنصر نہیں ہوگی۔ کسی بھی طالب علم کو فیل ہونے کا حتمی گریڈ نہیں ملے گا۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

| گریڈ (گریڈز) | گریڈ دینے کی پالیسی کا خلاصہ |
|---|---|
| 3K اور پری کنڈرگارٹن | کوئی تبدیلی نہیں – 3K اور پری کنڈرگارٹن کے طلبا رپورٹ کارڈز یا گریڈز موصول نہیں کرتے ہیں۔ |
| کنڈرگارٹن - گریڈ 5 | طلبا کو "معیارات کی تکمیل" (MT) یا "بہتری درکار ہے" (N) کے حتمی گریڈز ملیں گے۔ |
| گریڈ 6- گریڈ 8 | طلبا کو "معیارات کی تکمیل" (MT) یا "بہتری درکار ہے" (N) کے حتمی گریڈز ملیں گے، یا "کورس مکمل ہورہا ہے" (NX)، اگر کورس مکمل کرنے کے لیے مزید وقت درکار ہے۔ |
| گریڈ 9- گریڈ 12 | آپ کے اسکول کے موجودہ گریڈ اسکیل کا اطلاق ہوتا ہے، لیکن کوئی فیل ہونے والے گریڈز جاری نہیں کیے جائیں گے۔ اس کے بجائے ایک "کورس مکمل ہورہا ہے" (NX) جاری کیا جائے گا، جو طالب علم کو کورس کے مطلوبات کو مکمل کرنے کے لیے اضافی وقت فراہم کرے گا۔ حتمی گریڈز جاری ہونے کے بعد، طلبا اور خاندانوں کو بہار سمسٹر 2020 کے کسی بھی یا تمام پاس ہونے والے حتمی گریڈز کو 'CR' میں تبدیل کرنے کا انتخاب ہوگا، جو یہ نشاندہی کرے گا کہ کورس پاس کرلیا گیا تھا اور کریڈٹ حاصل ہوا تھا لیکن اس کی طالب علم کے GPA میں کوئی حیثیت نہیں ہوگی۔ |

DOE گرمیوں کے مہینوں کے دوران پروگرامنگ اور مدد کے لیے منصوبے تیار کررہا ہے۔ گرمیوں کے اسکول کے بارے میں مزید معلومات آپ کے اسکول کے ذریعے دستیاب ہوگی اور آنے والے ہفتوں میں اپ کے ساتھ بانٹی جائے گی۔

### اگر آپ کے سوالات ہیں

الیمنٹری اور مڈل اسکولوں کے لیے، عموماً پرنسپل خاندانوں کو گریڈ دینے کی پالیسی کے بارے میں سوالات کے جواب دینے کا مرکزی وسیلہ ہونگے۔

ہائی اسکولوں کے لیے، پرنسپل کے ساتھ، اسکول مشیران طلبا اور خاندانوں کو گریڈ دینے کی پالیسی کے بارے میں سوالات کے جواب دینے کا مرکزی وسیلہ ہونگے۔ اگر آپ کو اسکول مشیر یا کالج مشیر تلاش کرنے میں مدد درکار ہے، براہِ مہربانی اپنے پرنسپل سے رابطہ کریں (پرنسپل کی رابطے کی معلومات آپ کے اسکول کی ویب سائٹ پر پائی جاسکتی ہیں: *https://www.nycenet.edu/schoolsearch*)

براہِ مہربانی مزید معلومات کے لیے *https://www.schools.nyc.gov/learn-at-home/information-on-remote-learning* پراکثر پوچھے جانے والے سوالات بھی ملاحظہ کریں۔ ہم ناصرف طلبا کو انکی جاری تعلیم میں جون میں مدد کے لیے عہد بستہ ہیں، بلکہ آپ کو اپنے بچے کی تعلیم میں بطور ایک مرکزی شراکت دار کے بھی اعانت دیں گے۔ ہم جانتے ہیں آپ کے بہت سے سوالات ہیں اور اس منتقلی میں بہت سی مسابقتوں کا سامنا کیا ہے؛ اپنے بچے کی تعلیم جاری رکھنے میں ایک اہم، گراں قدر کردار ادا کرنا پڑا ہے اور اساتذہ کے لیے ایک ناگریز شراکت دار بن گئے ہیں۔ بہت سے وسائل *schools.nyc.gov* پر دستیاب ہیں اور آپ کے بچے کا اسکول بھی آپ کی اعانت میں آپ کے ساتھ ہے۔

ہم ہمیشہ کہتے ہیں کہ نیویارک شہر میں دنیا کے بہترین طلباء، عملہ اور خاندان ہیں، اور اسے کوئی بھی چیز کبھی تبدیل نہیں کرسکتی۔ اپ اسے ہر ایک دن سچ ثابت کرتے ہیں۔ آپکا شکریہ۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمئہ تعلیم

Linda Chen
چیف تعلیمی افسر
نیویارک شہر محکمئہ تعلیم